www.wilayattimes.com
اشاعت کا دوسرا سال

ہفت روزہ
WILAYAT TIMES
ولایت ٹائمز
سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:3 ☆ شمارہ نمبر:24 ☆ تاریخ:18 ستمبر تا24 ستمبر2017ء بمطابق 27 ذُوالقعدۃ تا 3 مُحرّم 1438ھ ☆ صفحات:8

عید مباهله اسلام کی حقانیت کا عظیم الشان واقعه



اتحاد وقت کی اہم ضرورت ۴

کشمیر کیلئے 5 نکاتی فارمولہ ۴



I Have Close friendship with many Sunni Scholars 7

www.wilayattimes.com

پیغمبر صلی الله علیه و آله وسلم: آپ نے عیسی علیہ السلام کے جن معجزات کو گنا وہ صحیح ہیں لیکن یہ سب خدای واحد نے انہیں ان اعزازات سے نوازا تھا اس لئے عیسی علیہ السلام کی عبادت کرنے کے بجائے اسکے خدا کی عبادت کرنی چاہئے۔

پادری »ابوحارثہ« یہ جواب سن کے خاموش ہوا۔ اور اس دوراں کارواں میں شریک کسی اور نے ظاہرا شرحبیل (عاقب) نے اس خاموشی کو توڑا۔

عاقب-عیسی، خدا کا بیٹا ہے کیونکہ انکی والدہ مریم نے کسی کے ساتھ نکاح کئے بغیر انہیں جنم دیا ہے۔

اس دوران اللہ نے اپنے حبیب کو اسکا جواب وحی میں فرمایا:

إِنَّ مَثَلَ عِيسَى عِندَ اللهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثِمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ{آل عمران /٥٩}

عیسی کی مثال آدم کے مانند ہے؛ کہ اسے (ماں، باپ کے بغیر) خاک سے پیدا کیا گیا۔

اس پر اچانک خاموشی چھاگ، اور سبھی بڑے پادری «ابوحارثہ» کو تک رہیں ہیں اور وہ خود شرحبیل کے کچھ کہنے کے انتظار میں ہے اور خود شرحبیل خاموش سر جھکائے بیٹھا ہے۔

آخر کار اس رسوائی سے اپنے آپ کو بچانے کیلئے بہانہ بازی پر اتر آئے اور کہنے لگے ان باتوں سے ہم مطمئن نہیں ہوئیہیں اس لئے ضروری ہے کہ سچ کو ثابت کرنے کے لئے مباحلہ کیا جائے۔ خدا کی بارگاہ میں دست بہ دعا ہو کے جھوٹے پر عذاب کی درخواست کریں۔

ان کا خیال تھا کہ ان باتوں سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اتفاق نہیں کریں گے۔ لیکن ان کے ہوش آڑ گئے جب انہوں نے سنا:

فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْاْ نَدْعُ أَبْنَاءنَا وَأَبْنَاءكُمْ وَنِسَاءنَا وَنِسَاءكُمْ وَأَنفُسَنَا وأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَةَ اللهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ {آل عمران/٦١}

آپ کے پاس علم آجانے کے بعد بھی اگر یہ لوگ (حضرت عیسی کے بارے میں) آپ سے جھگڑا کریں تو آپ کہدیں: آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو بلاو، ہم اپنی خواتین کو بلاتے ہیں اور تم اپنی عورتوں کو بلاو، ہم اپنے نفسوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے نفسوں کو بلاو۔ پھر دونوں فریق اللہ سے دعا کریں کہ جو جھوٹا ہو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

سچ اور جھوٹ کو اپنی حقانیت بیان کرنے کے لئے خطاب الہی ہوا ہے کہ وہ اپنے بیٹوں، خواتین اور اپنے نفوس کو لے کے آئیں؛ اسکے بعد مباحلہ کریں اور جھوٹے پر الہی لعنت طلب کریں گے۔

حق اور باطل کی بے نظیر پرکھ قائم کرنی ہے۔ علم وعمل کا امتحان لینا ہے۔ ظاہر اور باطن کا مظاہرہ کرنا ہے۔ دو آسمانی ادیان کے ماننے والوں کی حقیقت کو عیاں کرنا ہے کہ کس کا آسمان کے ساتھ ابھی رابطہ برقرار ہے اور کس نے یہ رابطہ منقطع کیا ہے۔ غرض طے یہ ہوا کہ کل سورج کے طلوع ہونے کے بعد شہر سے باہر (مدینہ کے مشرق میں واقع) صحرا میں ملتے ہیں۔ یہ خبر سارے شہر میں پھیل گئی۔

مباهلے کا اهتمام

24 ذیحجہ 9 ہجری آپہنچا۔ مدینہ منورہ کے اطراف واکناف میں رہنے والیلوگ مباحلہ شروع ہونے سے پہلے ہی اس جگہ پر پہنچ گئے۔ نجران کے نمایندے آپس میں کہتے تھے کہ؛ اگر آج محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ) اپنے سرداروں اور سپاہیوں کے ساتھ میدان میں حاضر ہوتے ہیں، تو معلوم ہوگا کہ وہ حق پر نہیں ہے اور اگر وہ اپنے عزیزوں کو لے آتا ہے تو وہ اپنے دعوے کا سچا ہے۔

سبھوں کی نظریں شہر کے دروازے پر ٹکی ہیں؛ دور سے مبہم سایہ نظر آنے لگا جس سے ناظرین کی حیرت میں اضافہ ہوا، جو کچھ دیکھ رہے تھے اسکا تصور بھی نہیں کرتے تھے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ایک ہاتھ سے حسن بن علی علیہم السلام کا ہاتھ پکڑے اور دوسرے ہاتھ سے حسین بن علی علیہم السلام کو آغوش میں لئے بڑھ رہے ہیں۔ آنحضرت کے پیچھے پیچھے انکی دختر گرامی سیدة النساء العالمین حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا چل رہی ہیں اور ان سب کے پیچھے امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام ہیں۔

صحرا میں ہمہمہ اور ولولے کی صدائیں بلند ہونے لگیں:

کوئی کہہ رہا ہے دیکھو، پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنے سب سے عزیزوں کو لیآیا ہے۔

دوسرا کہہ رہا ہے اپنے دعوے پر اسے اتنا یقین ہے کہ ان کو ساتھ لایا ہے۔

اس بیچ جب بڑے پادری ابوحارثہ کی نظریں پنجتن پاک علیہم السلام پر پڑی تو کہنے لگا: ہائے رے افسوس اگر اس نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اسی لمحے میں ہم اس صحرا میں قہر الہی میں گرفتار ہو جائیں گے۔

دوسرے نے کہا ؛تو پھر اس کا سد باب کیا ہے؟

جواب ملا اس (پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کیساتھ صلح کریں گے اور کہیں گے کہ ہم جزیہ دیں گے تا کہ آپ ہم سے راضی رہیں۔ اور ایسا ہی کیا گیا۔ اس طرح حق کی باطل پر فتح ہوئی۔

مباحلہ پیغمبر کی حقانیت اور امامت کی تصدیق اور " ثقلین

يَا أَيُّهَاالنَّاسُ إِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمُ الثَّقْلَيْنِ خَلِيفَتَيْنِ

مسند احمد حنبل] کی تفسیر کا نام ہے۔ مباحلہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا حل بیت علیہم السلام کا اسلام پر آنے والے ہر آنچ پر قربان ہونے کیلئے الہی منشور کا نام ہے۔ تاریخ میں ہم اس مباحلے کی تفسیر ہر زمانے کے امام اور وصی رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سیرت سے شہادت تک دیکھتے ہیں:

(۱) سید اوصیای رسولخدا شاہ ولایت امیر المومنین علی ابن ابیطالب 28 صفر 11 ہجری سے 21 رمضان 40 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۲) اور آپ کے بعد رسولخدا کے دوسرے وصی اور امت کے امام حسن بن علی کی 21 رمضان 40 ہجری سے 28 صفر 50 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۳) اور آپ کے بعد رسولخدا کے تیسرے وصی اور امت کے امام حسین بن علی 28 صفر 50 ہجری سے 10 محرم 61 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۴) اور آپ کے بعد رسولخدا کے چوتھے وصی اور امت کے امام علی بن حسین زین العابدین 10 محرم 61 ہجری سے 12 یا 25 محرم 95 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۵) اور آپ کے بعد رسولخدا کے پانچویں وصی اور امت کے امام محمد باقر بن علی 12 یا 25 محرم 95 سے 7 ذی الحجہ 114 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۶) اور آپ کے بعد رسولخدا کے چھٹے وصی اور امت کے امام جعفر صادق بن محمد 7 ذی الحجہ 114 ہجری سے 25 شوال 148 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۷) اور آپ کے بعد رسولخدا کے ساتویں وصی اور امت کے امام موسی کاظم بن جعفر 25 شوال 148 ہجری سے 25 رجب 183 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۸) اور آپ کے بعد رسولخدا کے آٹھویں وصی اور امت کے امام علی رضا بن موسی 25 رجب 183 ہجری سے آخر صفر 203 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۹) اور آپ کے بعد رسولخدا کے نویں وصی اور امت کے امام محمد تقی بن علی آخر صفر 203 ہجری سے آخر ذی القعدہ 220 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۱۰) اور آپ کے بعد رسولخدا کے دسویں وصی اور امت کے امام علی نقی بن محمد آخر ذی القعدہ 220 ہجری سے 3 رجب 254 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۱۱) اور آپ کے بعد رسولخدا کے گیارہویں وصی اور امت کے امام حسن عسکری بن علی 3 رجب 254 ہجری سے 8 ربیع الاول 260 ہجری کو شہید ہونے تک۔

(۱۲) اور آپ کے بعد خاتم الوصین اور امام آخرالزمان امام محدی بن حسن عسکری کی ربیع الاول 260 ہجری سے غیبت سے ملاحظہ کرتے ہیں اصحاب آیہ مباہلہ کس طرح اسلام کو تحریف سے محفوظ رکھنے اور اسلام ناب محمدی کو بیان کرتے آئیں ہیں اور ان بارہ خلفاء کے وجود سے دین مبین اسلام قائم ہے۔ جسطرح مشکات شریف کی روایت:

«لاَيَزَالُ الدِّينُ قَائِماً حَتَّي تَقُومُ السَّاعَةُ ، اَوْ يَكُونُ عَلَيْكُمْ اِثْنَي عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ»

دین تب تک قائم رہیگا جبتک کہ قیامت برپا ہوگی اور ان پر قریش کے بارہ خلیفے قائم ہونگے۔ اور یہی تکمیل دین کی تصویر ہے کہ جس سے غدیر خم میں کافروں کی اسلام کے نسبت ناامیدی کی نوید کو سنتے ہیں:

«الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن دِينِكُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيناً. المائدة الآية

جی ہاں مباہلہ اور غدیر ہمیں اسلامی قیادت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ جسے امامت و لایت کہتے ہیں۔ اور یہی ولایت ہیچو کہا سلام کی بقا کیلئے ہر قسم کی قربانی پیش کرتے نظر آتے ہیں لیکن اسلام پر آنچ آنے نہیں دیتے ہیں۔

اس واقعے کے بعد آپ (ص) نے فرمایا کہ خدا کی قسم جس نے مجھے نبی بنایا ہے کہ اگر ان لوگوں نے مباہلہ کرلیا ہوتا تو یہ وادی آگ سے بھر جاتی، اس کے بعد جابر کا بیان ہے کہ انہیں حضرات (ص) کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی ہے شعب نے جابر کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ "**وانفسنا**" میں رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تھے اور حضرت علی (علیہ السلام)، "**ابناء نا**" میں حسن وحسین (علیہما السلام) تھے اور "**ونساء نا**" میں فاطمہ (علیہا السلام)۔ دلائل النبوۃ ابونعیم 2 ص 393 / 244۔ مناقب ابن المغازلی ص 263 / 310، العمدۃ 190 / 191، الطرائف 46 / 38۔ تفسیر کشاف 1 ص 193۔ تفسیر طبر ?3 ص 299۔ تفسیر فخر الدین رازی ص 8 ص 88۔ ارشاد 1 ص 166۔ مجمع البیان 2 ص 762۔ تفسیر قمی 1 ص 104۔

عبدالرحمان بن کثیر نے جعفر بن محمد، انکے والد بزرگوار کے واسطہ سے امام حسن (علیہ السلام) سے نقل کیا ہے کہ مباہلہ کے موقع پر آیت کے نازل ہونے کے بعد رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے نفس کی جگہ میرے والد کو لیا، ابنا ئنا میں مجھے اور میرے بھائی کو لیا، نساء نا میں میری والدہ فاطمہ (علیہا السلام) کو لیا اور اس کے علاوہ کائنات میں کسی کو ان الفاظ کا مصداق قرار نہیں دیا لہذا اہلبیت (علیہم السلام) ان کا گوشت و پوست اور خون ونفس ہیں، ہم ان سے ہیں اور وہ ہم سے ہیں۔ امالی (ع) طوسی 564 / 1174، ینابیع المودۃ 1 ص 165 / 1

زمخشری نے تبصرہ کیا ہے کہ آیہ شریفہ میں ابناء ونساء ونفس پر مقدم کیا گیا ہے تا کہ انکی عظیم منزلت اور ان کے بلند ترین مرتبہ کی وضاحت کردی جائے اور یہ بتادیا جائے کہ یہ سب نفس پر بھی مقدم ہیں اور ان پر نفس بھی قربان کیا جاسکتا ہے اور اس سے بالاتر شخصیات ساء کساء کی کوئی دوسری فضیلت نہیں ہوسکتی ہے۔ واضح رہے کہ فخر رازی نے اس روایت کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی صحت پر تقریبا تمام اہل تفسیر وحدیث کا اتفاق واجماع ہے۔

مباہلہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی حقانیت اور امامت کی تصدیق کا نام ہے۔ یوں پنجتن پاک کے ذریعے اسلام کو غیروں پر ابدی فتح نصیب ہوئی۔

آج امامت اور ولایت کی آخری کڑی پردہ غیب میں ہیں اور انکی نیابت حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای مدظلہ العالی کررہے ہیں جن کی اتباع سے ہی حقیقی اسلام کی ترجمانی ممکن ہے۔ جس طرح ایک عرب اہلسنت عالم دین "شیخ احمد الزین" نے کہا ہے کہ "شریعت ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم ولی فقیہ اور رہبر کے حامی اور تابع ہوں اسلئے ہماری صلاح اسی میں ہے کہ ہم امام خامنہ ای کے نسبت اپنے ایمان اور محبت کا اظہار کریں" ایسے جذبے کا اظہار وقت کی ضرورت ہے تا کہ دور حاضر میں حق کے لبادے میں جھوٹوں کا پردہ فاش ہوسکے اور اسلام میں فوج، فوج داخل ہونے کا سلسلہ وسیع تر ہوجائے اور مباہلہ کے جانشین بقیۃ اللہ اعظم امام مہدی عجل اللہ تعالی فرج الشریف کو خداوند اذن فرج عنایت کرکے ہر جگہ امن و امان، صدق وصداقت اور حق و انصاف کا پرچم بلند ہوجائے۔

اللہ کی بارگاہ میں دست بہ دعا ہیں کہ ہمیں مباہلہ میں فتح پانے والے اسلام پر عمل کرنے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کو عام کرنے والے ائمہ معصومین علیہم السلام کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

اتحاد رحمانی دعوت

آج ہر دور اور ہر فتنہ کے مقابلے کے لئے عملی بھائی چارہ کا وقت ہے۔ آج عالم اسلام کو پہلے سے زیادہ اتحاد واتفاق رائے اور قرآن سے تمسک اختیار کرنے کی ضرورت ہے، دوسری طرف آج عالم اسلام کے لئے عزت واقتدار کی بحالی اور توسیع کی ظرفیت پہلے سے زیادہ واضح ہوگئی ہے اور امت اسلامیہ کی عظمت وشوکت کا دوبارہ حصول انقلابی جوانوں کا محرم اور ان کی چاہت بن گیا ہے۔ ظالموں کے منافقت پر مبنی نعروں کی ہوا نکل گئی ہے اور امت اسلامیہ پر ان کی بدنیتی تدریجی طور پر کھل کر سامنے آگئی ہے۔ دوسری جانب عالمی لٹیرے جو پوری دنیا پر حکومت کرنے کا خواب دیکھ رہے ہیں، مسلمانوں کے اتحاد اور ان کی بیداری سے ہراساں ہیں اور اس کو اپنے برباد کرنے والے اور تباہ کن منصوبے کے مقابلہ میں رکاوٹ سمجھ رہے ہیں اسی لئے انکی کوشش یہ ہے کہ خود کو اس سے آگے اور اوپر رکھیں۔

آج امام زمانہ حضرت مہدی (عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف) کی حکومت کا امکان فراہم کرنے کا دور ہے۔ ہر جانب سے دعوت الہی کے قبول ہونے کا دن ہے۔ جس میں آیات (انما المومنون اخوۃ) اور (لاتقولوالمن القی الیکم السلام لست مومنا) اور "اشدآء علی الکفار رحمآء بینھم" کی تلاوت ومفہوم سمجھ کر اپنے دلوں کو منور کرنے کی ضروت ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کو اتحاد کی دعوت دینی چاہیے، یہ اتحاد عیسائیوں یا دیگر ادیان اور قوموں کے خلاف نہیں ہے بلکہ جارحیت کرنے والوں

غاصبوں اور جنگ کی آگ بھڑکانے والوں کے خلاف ہونے کے علاوہ اخلاق ومعنویت کے نفاذ، عقلانیت واسلامی انصاف کے بحال کرنے نیز علمی واقتصادی ترقی اور اسلامی وقار وعزت کی بحالی کے لئے ہے۔ ہم دنیا والوں کو یہ یاد دلانا چاہتے ہیں کہ جب خلفائے راشدین کے دور خلافت میں بیت المقدس مسلمانوں کے تحت اختیار تھا تب عیسائی اور یہودی لوگ بالکل ہی سکون اور تحفظ سے لبریز زندگی گزار رہے تھے، لیکن اب جبکہ قدس اور دیگر مراکز پر صہیونیوں یا صہیونی صلیبوں کا قبضہ ہے مسلمانوں کا خون بہانا کس قدر جائز سمجھا جارہا ہے۔

عباس جنگ نیکو سلمانی محلہ کشمیر

عید مباہلہ اسلام کی حقانیت کا عظیم الشان واقعہ



صحرا میں ھمھمے اور ولولے کی صدائیں بلند ہونے لگیں. کوئی کھہ رہا ھے دیکھو، پیغمبر اپنے سب سے عزیزوں کو لے آیا ھے، دوسرا کھہ رہا ھے اپنے دعوے پر انھیں اتنا یقین ھے کہ ان کو ساتھ لائے ھیں. ان کے سب سے بڑے پادری نے کھا، میں یھاں ان چھروں کو دیکھ رہا ہوں جو اگر پھاڑ کی طرف اشارہ کریں تو ان پر بھی لرزہ طاری ہو جائے گا اور اگر انھوں نے دعا کے لئے ھاتھ اٹھائے تو ھم اسی صحرا میں قھر الٰھی میں گرفتار ہو جائیں گے اور ھمارا نام صفحہ ھستی سے مٹ جائے گا. دوسرے نے کھا تو پھر اس کا سد باب کیا ھے؟ جواب ملا اس کے ساتھ صلح کریں گے اور کھیں گے کہ ھم جزیہ دیں گے تاکہ آپ ھم سے راضی رھیں اور ایسا ھی کیا گیا. اس طرح حق کی فتح ہوئی اور باطل سرنگوں ہوا. مباھلہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی حقانیت اور امامت کی تصدیق کا نام ھے. یوں پنجتن پاکؑ کے ذریعے اسلام کو عیسائیت پر ابدی فتح نصیب ہوئی.

نیوز نور

عید مباہلہ جہاں اسلام کی حقانیت اور عظمت و برتری کا ایک عظیم الشان واقعہ ہے وہی اس مقدس ومتبرک موقع پر ایک قدآور عیسائی پادری نہ صرف اہلبیت اطہارؑ کو متعارف کرر ہا ہے بلکہ انکی عظمت وشان کے نور کی شعاؤں سے بھی اس جہان رنگ وبو کے ظلمت قدو کو بھی روشناس کرار ہا ہے۔

''ولایت ٹائمز'' نے نقل کیا ہے کہ عالمی اردو خبر رساں ادارے ''نیوز نور'' کی رپورٹ کے مطابق رسولخدا حضرت محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجاز اور یمن کے درمیاں نجران نامی علاقے میں مقیم عیسائیوں کو24 ذی الحجہ 9 ہجری قمری کواللہ کی وحدانیت قبول کرنے کی دعوت دی جسے مباہلہ کہتے ہیں۔اور اس دن توحیدی عقیدے کا مشرکانہ عقیدے کا آمنا سامنا ہونا تھا ایک دوسرے کے عقیدے کے بارے میں خدا سے غضب کی دعا کرنی تھی اور توحیدی قافلے کو دیکھ کر ہی مشرکوں نے دبے الفاظوں میں اپنی شکست کا اعلان کیا ،اسطرح عقائد کا علمی اور عملی مناظرہ ہوا جس پر علم وعمل کا لاعلمی وبی عملی پر غلبہ ہوا جسے اہل بصیرت عید مناتے ہیں۔ کیونکہ اس کامیابی پر اللہ نے ایک آیت نازل فرمائی ہے۔آیئے اس نورنی دن کے تاریخی منظر پر طائرانہ نظر کر کے اپنے اذہان اور عقیدے کو متبرک کرتے ہیں۔

آغاز اسلام میں نجران ہی وہ واحد علاقہ تھا جس میں عیسائی رہا کرتے تھے جنہوں نے بت پرستی چھوڑ کر عیسائیت اختیار کرلی تھی۔ جس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام حکومتی مراکز اور مذہبی رؤسا کو خط بھیج کر اسلام کی دعوت دی تو ایک خط نجران کے عیسائی رہنما پاپ کو بھی تحریر کیا جس میں انھیں اسلام کی دعوت دی۔ پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نمائندوں نے یہ خط پاپ کے حوالے کیا جس کی تحریر کچھ یوں تھی:

شروع کرتا ہوں خدائے ابراہیم و یعقوب واسحاق علیہم السلام کے نام سے خدا کے رسول محمد کی جانب سے نجران کے پاپ کے نام۔

میں ابراہیم واسحاق ویعقوب علیہم السلام کے خدا کی تعریف بجالاتا ہوں اور تمہیں بندوں کی پرستش ترک کر کے خدا کی عبادت کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔ تمہیں اس بات کی دعوت دیتا ہوں کہ بندوں کی ولایت سے نکل کر خدا کی ولایت میں داخل ہو جاؤ اور اگر تمہیں ہماری دعوت منظور نہیں ہے تو جزیہ دو ورنہ تمہارا انجام اچھا نہیں ہوگا۔

پاپ نے خط پڑھنے کے بعد تمام مذہبی اور غیر مذہبی شخصیات کو مشورے کے لئے طلب کیا۔شرجیل جو مشاوروں میں سے تھا اور عقل ودرایت میں بہت ہی معروف تھا اس نے مشورہ دیا کہ ہم نے بارہا اپنے راہنماؤں سے یہ سنا ہے کہ ایک دن منصب نبوت جناب اسحاق کی نسل سے نکل کر حضرت اسماعیل کی اولاد میں منتقل ہوجائے گا، بعید نہیں ہے یہ محمدؐ اسماعیل ہی کے فرزندوں میں سے ہوں اور یہ وہی پیغمبر ہوں جن کی بشارت ہمیں دی گئی ہے۔

شرجیل کے مشورے کے بعد اس کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ کچھ لوگوں کو نجران کا نمائندہ بنا کر مدینہ بھیجا جائے تا کہ وہ لوگ اس پیغمبر کی حقانیت کی تحقیق کریں۔ چنانچہ نجران کے حاکم ابوحارثہ بن علقمہ کی کارکردگی میں ساٹھ افراد پر مشتمل ایک گروہ مدینہ روانہ کیا گیا۔اس گروہ کے ساتھ عبدالمسیح واہتم نامی دو مذہبی رہنما بھی تھے۔ نجران کا یہ قافلہ بڑی شان وشوکت سے فاخرانہ لباس پہنے مدینہ منورہ میں داخل ہوتا ہے، یہ لوگ مسجد نبوی میں داخل ہوئے تا کہ پیغمبر اکرم کا نزدیک سے دیدار کرسکیں۔پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اس گروہ کی یہ حالت دیکھی تو ملاقات کرنے سے انکار کردیا۔ چند روز اسی طرح گزر گئے یہاں تک کہ نجران والے متوجہ ہوئے کہ اس انداز میں پیغمبر سے ملاقات ممکن نہیں ہے لہذا سادہ لباس زیب تن کر کے پیغمبر اکرم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بحث ومناظرہ شروع کیا۔ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے محکم دلائل کے باوجود عیسائی اپنے مذہب اور اپنے عقائد کی حقانیت پر ڈٹے رہے۔

یہاں تک کہ پھر سورہ آل عمران کی آیت نازل ہوئی جو آیہ مباہلہ کے نام سے مشہور ہے، جس میں پروردگار نے فرمایا کہ:

"فَمن ? حَآجَّ ? ف?? ?ِ مِن بَعۡ ? دِ مَا جَاء ۔ ? مِنَ ال ?ۡعِل ?م فَقُل ? تَعَالَو ?ا? نَد ?عُ ?ب ?نَاء ۔نَا وَ ?ب ?نَاء ۔ ?ۡم ? وَنِسَاء ۔نَا وَنِسَاء ۔ ?ۡم ? وَ?ۡنفُسَنَا وَ?ۡنفُس ?ۡم ? ثُمَّ نَب ? تَ ?ل ? فَنَج ?عَل لَّعۡ ?نَةَ اللَّہ ?عَلَ ?ال ?? ?اذِب ?نَ -1۔

آیہ مباہلہ نازل ہوئی خداوند عالم اپنے رسول سے مخاطب ہو کر کہتا ہے، اے پیغمبرؐ! علم کے آجانے کے بعد جو لوگ تم سے کٹ حجتی کریں ان سے کہہ دو کہ آؤ ہم لوگ اپنے اپنے فرزند، اپنی اپنی عورتوں اور اپنے اپنے نفسوں کو بلائیں اور پھر خدا کی بارگاہ میں دعا کریں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت قرار دیں۔

اس پر طے یہ ہوا کہ کل سورج کے طلوع ہونے کے بعد شہر سے باہر (مدینہ کے مشرق میں واقع) صحرا میں ملتے ہیں۔ یہ خبر سارے شہر میں پھیل گئی۔لوگ مباہلہ شروع ہونے سے پہلے ہی اس جگہ پر پہنچ گئے۔ نجران کے نمایندے آپس میں کہتے تھے کہ اگر آج محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ) اپنے سرداروں اور سپاہیوں کے ساتھ میدان میں حاضر ہوتے ہیں،تو معلوم ہوگا کہ وہ حق پر نہیں ہے اور اگر وہ اپنے عزیزوں کو لے آتے ہیں تو وہ اپنے دعوے میں سچے ہیں۔سب کی نظریں شہر کے دروازے پر ٹکی ہیں، دور سے مبہم سایہ نظر آنے لگا جس سے ناظرین کی حیرت میں اضافہ ہوا، جو کچھ دیکھ رہے تھے اسکا تصور بھی نہیں کرتے تھے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ایک ہاتھ سے حسین علیہ السلام کو آغوش میں لئے ہوئے ہیں اور دوسری جانب سے حسن علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ رکھا ہے، آنحضرت کے پیچھے پیچھے انکی دختر گرامی سیدۃ النساء العالمین حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا چل رہی ہیں اور ان سب کے پیچھے آنحضرت کا عموزاد بھائی، حسنین کے بابا اور فاطمہ کے شوہر علی ابن ابیطالب علیہ السلام ہیں۔

صحرا میں ہمہمے اور ولولے کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ کوئی کہہ رہا ہے دیکھو، پیغمبر اپنے سب سے عزیزوں کو لے آیا ہے، دوسرا کہہ رہا ہے اپنے دعوے پر انہیں اتنا یقین ہے کہ ان کو ساتھ لائے ہیں۔ ان کے سب سے بڑے پادری نے کہا، میں یہاں ان چہروں کو دیکھ رہا ہوں جو اگر پہاڑ کی طرف اشارہ کریں تو ان پر بھی لرزہ طاری ہو جائے گا اور اگر انہوں نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو ہم اسی صحرا میں قہر الٰہی میں گرفتار ہو جائیں گے اور ہمارا نام صفحۂ ہستی سے مٹ جائے گا۔ دوسرے نے کہا تو پھر اس کا سد باب کیا ہے؟ جواب ملا اس کے ساتھ صلح کریں گے اور کہیں گے کہ ہم جزیہ دیں گے تا کہ آپ ہم سے راضی رہیں اور ایسا ہی کیا گیا۔ اس طرح حق کی فتح ہوئی اور باطل سرنگوں ہوا۔ مباہلہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی حقانیت اور امامت کی تصدیق کا نام ہے۔ یوں پنجتن پاکؑ کے ذریعے اسلام کو عیسائیت پر ابدی فتح نصیب ہوئی۔

عبدالرحمان بن کثیر نے جعفر بن محمد، انکے والد بزرگوار کے واسطہ سے امام حسن (علیہ السلام) سے نقل کیا ہے کہ مباہلہ کے موقع پر آیت کے نازل ہونے کے بعد رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے نفس کی جگہ میرے والد کو لیا، ابنائنا میں مجھے اور میرے بھائی کو لیا، نساء نا میں میری والدہ فاطمہ (علیہا السلام) کو لیا اور اس کے علاوہ کائنات میں کسی کو ان الفاظ کا مصداق قرار نہیں دیا لہذا اہلبیت (علیہم السلام) ان کا گوشت وپوست اور خون ونفس ہیں، ہم ان سے ہیں اور وہ ہم سے ہیں۔

اس واقعے کے بعد آپ (ص) نے فرمایا کہ خدا کی قسم جس نے مجھے نبی بنایا ہے کہ اگر ان لوگوں نے مباہلہ کرلیا ہوتا تو یہ وادی آگ سے بھر جاتی، اس کے بعد جابر کا بیان ہے کہ انہیں حضرات (ص) کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی ہے شعب نے جابر کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ ''**وَاَنفُسَنَا**'' میں رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تھے اور حضرت علی (علیہ السلام)، **اَبنَاءنَا**" میں حسن وحسین (علیہما السلام) تھے اور ''**وَنسَاءنَا**'' میں فاطمہ (علیہا السلام)۔

زمخشری نے تبصرہ کیا ہے کہ آیہ شریفہ میں ابناء ونساء ونفس پر مقدم کیا گیا ہے تا کہ انکی عظیم منزلت اور ان کے بلندترین مرتبہ کی وضاحت کردی جائے اور یہ بتادیا جائے کہ یہ سب نفس پر بھی مقدم ہیں اور ان پر نفس بھی قربان کیا جاسکتا ہے اور اس سے بالاتر شخصیات ساء کساء کی کوئی دوسری فضیلت نہیں ہوسکتی ہے۔ واضح رہے کہ فخر رازی نے اس روایت کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی صحت پر تقریباً تمام اہل تفسیر وحدیث کا اتفاق واجماع ہے۔

راج ناتھ سنگھ کا 5نکاتی کشمیر فارمولہ



سرینگر/مرکزی وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ کے 5 نکاتی فارمولہ کو تاخیری حربے سے تعبیر کرتے ہوئے اپوزیشن جماعتوں نیشنل کانفرنس اور کانگریس نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے سیاسی اپروچ اپنانا ناگزیر ہے۔کانگریس کے ریاستی صدر غلام احمد میر نے کہا کہ بی جے پی اور آر ایس ایس مسئلہ کشمیر کے حل کے حوالے سنجیدہ نہیں۔این سی کے صوبائی صدر ناصر اسلم وانی نے کہا کہ سیاسی مسئلے کے حل کے حوالے سے روایتی بیان بازی سے کچھ حاصل نہیں کیا جاسکتا ہے۔''ولایت ٹائمز'' نے نقل کیا ہے کہ کشمیر نیوز سروس کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل کے حوالے سے مرکزی وزیر داخلہ کی جانب سے 5 نکاتی فارمولہ پیش کرنے اور آرٹیکل 35اے کے دفاع کے حوالے سے یقین دہانی کرانے کے بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس اور کانگریس نے کہا ہے کہ سیاسی مسئلے کا حل تلاش کرنے کیلئے سیاسی اقدامات اٹھانا ناگزیر ہے۔دونوں جماعتوں نے کہا کہ فارمولہ پیش کرنے سے مسئلہ کشمیر کا حل نہیں کیا جاسکتا ہے۔کانگریس کے ریاستی صدر غلام احمد میر نے کے این ایس کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی اور آر ایس ایس مسئلہ کشمیر کے حل کے حوالے سے سنجیدہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ فارمولہ دیگر مسائل حل نہیں ہوتے ہیں جبکہ فارمولہ کو زمینی سطح پر لاگو کرنے کی ضرورت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ عام آدمی تب ہی فارمولہ کو سمجھ سکتا ہے جب نتائج کے ساتھ فارمولہ کو لاگو کیا جائیگا۔انہوں نے سوالیہ انداز میں کہا کہ بی جے پی کی سرکار مرکز اور ریاست میں گزشتہ 3 برسوں سے ہے،لیکن زمینی سطح پر ایسا کونسا اقدام اٹھایا گیا،جسے یہ لگے کہ لوگوں کو راحت پہنچ رہی ہے جبکہ انہوں نے کیا،کیا اور کیا حاصل کیا لوگ اچھی طرح سے جانتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ (5Cاور ایجنڈا آف الائنس)الفاظ کی تسبیح کرکے مسائل کا حل تلاش نہیں کیا جاسکتا اور نہ حل ہوسکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ایک عام آدمی یا کسان کو(5C) سمجھنے میں 10 سال لگیں گے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی اور بھاجپا کا کہنا ہے کہ ایجنڈا آف الائنس مقدس دستاویز ہے ،لیکن جب جائزہ لیتے ہیں تو کامیابی صفر ہے۔غلام احمد میر نے یہاں تک (پی ڈی پی ،بی جے پی)ایجنڈا آف الائنس پر ایک پیج پر نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے الفاظ تاخیری حربہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی مسائل اور شورش کو حل کرنے کیلئے سیاسی اقدامات اٹھانا ضروری ہے فارمولہ سے کچھ حاصل نہیں کیا جاسکتا ۔آرٹیکل 35اے پر راج ناتھ سنگھ کی یقین دہانی پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر نے کہا کہ عوامی غصہ،نامساعد حالات اور بیگانگی سے بچنے کیلئے یہ صرف نعرے ہیں۔اس دوران نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ناصر اسلم وانی کا کہنا کہ مسئلہ کشمیر کو روایتی بیان بازی سے حل نہیں کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا'ہمیں کہیں سے شروعات کرنے ہوگی،پھر ہم مسئلہ کشمیر کے حل کی کوئی امید کرسکتے ہیں'۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہند کی سوچ اور اپروچ میں واضح تبدیلی آئی ہے اور مرکزی وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ کی پریس کانفرنس میں یہ واضح طور پر دیکھنے کو ملا۔ناصر اسلم وانی نے کہا کہ امید یہی کی جاسکتی ہے کہ زمینی سطح پر کوئی کارگر یا موثر قدم اٹھایا جائے،جو ابھی تک نہیں اٹھایا گیا۔یاد رہے کہ حالیہ دورہ کشمیر کے دوران وزیر داخلہ راجناتھ سنگھ نے مسئلہ کشمیر کے حتمی حل کیلئے''نیا فارمولہ'' پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس مسئلے کو انگریزی کے حرف 'سی' سے شروع ہونے والی پانچ چیزوں سے حل کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا(شفقت)،(گفتگو)،(بقائے باہم)،(اعتماد سازی)اور ان سبھی باتوں پر یعنی استحکام سے کام لیتے ہوئے مسئلہ کشمیر کا حتمی حل نکالا جاسکتا ہے۔

اسلامی تشخص اور انسانی تحفظ کے لئے اتحاد وقت کی اہم ضرورت /مولانا حامی

سرینگر/انسانی عقل کے رونگھٹے کھڑا کرنے والے ظلم و بربریت کی داستان نہ صرف برصغیر، برما وغیرہ میں جاری ہے بلکہ پوری دنیا کے انسانی سوچ رکھنے والے بالخصوص مسلمانان عالم شدید درد و کرب کی حالت میں مبتلا ہے۔چنگیز اور ہلاکو خان کے دور کو بھی سرمشار کرنے والی داستانیں آج پوری انسانیت کو اپنے قہر انگیز موجوں سے متاثر کررہی ہیں مسلمانوں کی غفلت شعاری اور اپنی سیاست و ثقافت سے دوری کا یہ نتیجہ ہے کہ آج اسلام مخالف دہشتگردی دن بہ دن پروان چڑ رہی ہے پیر طریقت امیر کاروانِ اسلامی حضرت غلام رسول حامی صاحب نے کہا کہ جمہوریت کا ڈھنڈوا پیٹنے والے مسلم کش طاقتیں انسانیت کے قاتلوں کے پیچھے حمایتی بن کر کھڑے ہیں جو لوگ جنگلی جانوروں تک کے تحفظ کی باتیں کرتے ہیں آخر وہ جمہوریت کے دعویدار آج چپ کیوں سادھے ہوئے ہیں گائے اور بھینس کے تحفظ پر سیاست کرنے والے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر بحث کرنے والے لوگ ظلم پر ان کی خاموشی ان کے تعصبانہ اور اسلام مخالف سوچ کی عکاسی کررہا ہے انہوں نے کہا کہ ایک دن ضرور انسانیت کا بھول بالا ہوکر وہ دور پھر لوٹ آئے گا جس کی مثال صدیوں پہلے ہمارے اسلاف، صحابہ کرام،صلحاء عظام اور اولیاء کرام نے قائم کی تھی۔ انہوں نے کہا وقت آچکا ہے کہ نوجوانوں کو خود اپنے مسائل کے حل کے لئے اٹھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے تاکہ جبر و بربریت ، تشدد اور سماجی بدعات ، منشیات ، شراب نوشی سے ملت کو چھٹکارا مل سکے۔انہوں نے کہا کہ جس طریقے سے ریاست کے طول و ارض میں شراب اور منشیات کا کاروبار جاری ہے اس سے آنے والی نسلیں گمراہی ،بے راہ روی کے گہرے اندھیرے میں کھو جائیں گی۔

بیٹے نے بزرگ ماں کو پیٹ پیٹ کر ادہ موا کردیا

سرینگر/ جنوبی کشمیر کے قصبہ اسلام آباد کی ایک مضافاتی بستی چھی میں ایک سگے بیٹے کے اپنی ماں کی شدید مار پیٹ کرکے اُنہیں ادھ موا کرنے کا شرمناک واقعہ پیش آیا ہے۔ جائیداد کے بٹوارے کو لیکر ہونے والے جھگڑے میں ساجہ نامی خاتون شدید زخمی ہوگئی ہیں۔ بڑے بھائی نے چھوٹے کی پٹائی شروع کردی تو ساجہ بیچ میں آگئیں تاہم عبدالرشید اور اُنکے بیٹے نے کوئی لحاظ کئے بنا اُنکی شدید مار پیٹ کرکے اُنہیں زخمی کردیا یہاں تک کہ ،ساجہ کے مطابق، وہ بے ہوش ہوگئیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹوں پر وائرل ہوئے ایک ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ معمر خاتون، جو اپنا نام ساجہ بتاتی ہیں، کے سر پر پٹی کی ہوئی ہے جبکہ اُنکی داہنی آنکھ بُری طرح زخمی اور سوجی ہوئی ہے۔ ویڈیو میں بتائی جانے والی کہانی پر بھروسہ کیا جائے تو ساجہ کے بڑے بیٹے عبدالرشید نے اپنے بیٹے کو ساتھ لیکر اپنی بزرگ ماں کی شدید مار پیٹ کرکے اُنہیں زخمی کردیا ہے۔ اُنہیں الزام لگاتے ہوئے سُنا جاسکتا ہے کہ عبدالرشید نے اُنکے گاوخانہ کو مقفل کردیا ہے اور اُنکے مویشی کھلے آسمان کے تلے آگئے ہیں۔ ویڈیو سے سمجھا جاسکتا ہے کہ ساجہ اپنے چھوٹے بیٹے کے ساتھ رہ رہی ہیں جسکے ساتھ بڑے بھائی کا جائیداد پر کوئی تنازعہ چل رہا ہے۔ چناچہ بڑے بھائی نے چھوٹے کی پٹائی شروع کردی تو ساجہ بیچ میں آگئیں تاہم عبدالرشید اور اُنکے بیٹے نے کوئی لحاظ کئے بنا اُنکی شدید مار پیٹ کرکے اُنہیں زخمی کردیا یہاں تک کہ،ساجہ کے مطابق، وہ بے ہوش ہوگئیں۔ملزم کا کوئی بیانِ صفائی معلوم نہیں ہوسکا ہے اور نہ یہ کہ آیا پولس نے اس واقعہ کا کوئی نوٹس لیا ہے یا نہیں۔ بزرگ ماں کی اس حد تک پٹائی کرکے اُنہیں زخمی کردئے جانے کے واقعہ کی سماجی میڈیا میں زبردست مذمت کی جارہی ہے۔ حالانکہ کشمیر سے باہر اس طرح کے واقعات کوئی نئی بات نہیں رہی ہے تاہم کشمیری سماج میں بزرگ والدین کے ساتھ اس طرح کے سلوک کی خبریں انتہائی تشویشناک ہیں۔

عید مباہلہ یعنی اسلام کا شناختی کارڈ

محمد و آل محمد (ص) ولا غیر

24 ذیحجہ 9ھجری آ پہنچا. مدینہ منورہ کے اطراف و اکناف میں رہنے والے لوگ مباہلہ شروع ہونے سے پہلے ہی اس جگہ پر پہنچ گئے. نجران کے نمائندے آپس میں کہتے تھے کہ ؛ اگر آج محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ) اپنے سرداروں اور سپاہیوں کے ساتھ میدان میں حاضر ہوتے ہیں ، تو معلوم ہوگا کہ وہ حق پر نہیں ہے اور اگر وہ اپنے عزیزوں کو لے آتا ہے تو وہ اپنے دعوے کا سچا ہے. مباہلہ پیغمبر(صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کی حقانیت اور امامت کی تصدیق کا نام ہے. یوں پنجتن پاکؑ کے ذریعے اسلام کوغیروں پر ابدی فتح نصیب ہوئی. آج امامت اورولایت کی آخری کڑی پردہ غیب میں ہیں اور انکی نیابت حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای مدظلہ العالی کررہے ہیں جن کی اتباع سے ہی حقیقی اسلام کی ترجمانی ممکن ہے. جس طرح ایک عرب اہلسنت عالم دین " شیخ احمد الزین"نے کہا ہے کہ" شریعت ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم ولی فقیہ اور رہبر کے حامی اور تابع ہوں اسلئے ہماری صلاح اسی میں ہے کہ ہم امام خامنہ ای کے نسبت اپنے ایمان اور محبت کا اظہار کریں"ایسے جذبے کا اظہار وقت کی ضرورت ہے

رسولخدا حضرت محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجاز اور یمن کے درمیاں نجران نامی علاقے میں مقیم عیسائیوں کو24 ذیحجہ 9 ہجری قمری کواللہ کی وحدانیت قبول کرنے کی دعوت دی جسے مباہلہ کہتے ہیں۔اور اس دن توحیدی عقیدے کا مشرکانہ عقیدے کا آمنا سامنا ہونا تھاایک دوسرے کے عقیدے کے بارے میں خدا سے غضب کی دعا کرنی تھی اور توحیدی قافلے کو دیکھ کرہی مشرکوں نیدبے الفاظوں میں اپنی شکست کا اعلان کیا،اسطرح عقائد کاعلمی اور عملی مناظرہ ہوا جس پرعلم وعمل کا لاعلمی وبی عملی پر غلبہ ہوا جسے اہل بصیرت عید مناتے ہیں۔ کیونکہ اس کامیابی پر اللہ نے ایک آیت نازل فرمائی ہے۔آیئے اس نورانی دن کے تاریخی منظر پرطائرانہ نظرکر کے اپنے اذہان اورعقیدے کومتبرک کرتے ہیں۔

نجرانی عیسائیوں کو اسلام کی دعوت

ہجری کانواں سال ہے،مکہ معظمہ اورطائف توفتح ہو چکا ہے۔یمن،عمان اوراسکے مضافات کے علاقے بھی توحید کے دائرے میں آہو چکے ہیں اس بیچ حجاز اوریمن کے درمیاں واقع نجران نامی ہے جہاں عیسائی مقیم ہیں اورشالی آفریقہ اورقیصرروم کی عیسائی حکومتیں ان نجرانی عیسائیوں کی پشت پناہی کرر ہے ہیں،شایداسی وجہ سے ان میں توحید کے پرچم تلے آنے کی سعادت حاصل کرنے کا جذبہ نظرنہیں آتا ہے لیکن ان پررحمۃ للعالمین مہربان ہورہے ہیں۔

